سوال

(61) کیا زیرِ ناف بالوں کی صفائی کے بعد نہانا یا غسل کرنا فرض ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا موئے زیرِناف اتارنے کے بعد نہانا یا غسل کرنا فرض ہے؟ یہ بات ہمارے گاؤں میں عام ہوگئی ہے۔ شریعتِ اسلامیہ کے مطابق اس کی تھوڑی سی تفصیل اوراس کی آخری حدبیان کردیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بایں صورت غسل کرنا نہ فرض ہے نہ واجب۔ کیونکہ فعل ہذا کا شمار غسل کے واجبات میں نہیں۔ یہ آدمی کی مرضی پر منحصر ہے جیسا مناسب سمجھے کرسکتا ہے۔ موئے زیرِناف اتارنے کی آخری حد چالیس دن ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ: 118

محدث فتویٰ